اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# اے کاش! ہم دیکھیں مدینے کی بہاریں

## کے 26 حروف کی نسبت سے مجلس مَدَنی بہاریں کے 26 مَدَنی پھول

**فرمانِ امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ:

﴿1﴾ دعوتِ اسلامی کا 99.99% مدنی کام انفرادی کوشش سے ممکن ہے۔

﴿2﴾ فرمانِ مصطفٰی صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہ وسلَّم ہے: نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ۔ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔ (المعجم الکبیر للطبراني، الحدیث: ۵۹۴۲، ج۶، ص۱۸۵) اس لیے مجلس مدنی بہاریں کا ہر ذمہ دار امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے عطا کردہ ''72 مدنی انعامات'' میں سے ''مدنی انعام نمبر 1'' پر عمل کرتے ہوئے یہ نیّت کرتا رہے کہ: ''میں اللہ عزَّوَجَلَّ کی رِضا اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہ وسلَّم کی خوشنودی کے لیے دعوتِ اسلامی کے شعبے ''مجلس مَدَنی بہاریں'' کا مدنی کام مدنی مرکز کے طریقۂ کار کے مطابق کروں گا، اِنْ شَآءَ اللہ عزَّوَجَلَّ۔''

﴿3﴾ **مجلس مَدَنی بہاریں کا کام**، دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ ہر منسلک اور ذمہ دار (ذیلی حلقہ تا شورٰی، مختلف شعبہ جات اور ان کی ذیلی مجالس، جامعات المدینہ و مدارس المدینہ اور دار المدینہ کے اساتذہ، ناظمین، طلبہ، مبلغین، مدنی عملہ وغیرہ) کے مدنی ماحول میں آنے، متاثر اور منسلک ہونے کی مدنی بہاریں اور دیگر ایمان افروز واقعات نیز مدنی کاموں کی برکات وغیرہ مدنی مرکز کے بیان کردہ طریقہ کار کے مطابق (تحریراً، آڈیو، ویڈیو) جمع کرنا اور انہیں مدنی مرکز تک پہنچانا ہے۔

﴿4﴾ **مجلس مَدَنی بہاریں** کے تمام ذمہ داران، رشوت، تعلقات، حقوقِ مسلمین، اور مُداھَنت (یعنی خوشامد، چرب زبانی، جھوٹ، جو دل میں ہو اس کے خلاف ظاہر کرنا وغیرہ) کے شرعی مسائل سیکھیں، اس کے لیے مکتبۃ المدینہ کی کتب و رسائل کا مطالعہ مفید ہے مثلاً: فیضانِ سنت صفحہ 539 تا صفحہ 554 ☆ کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب صفحہ 428 تا 449 ☆ **پردے کے بارے میں سوال جواب** ☆ بہارِ شریعت، جلد سوم، حصہ 16 ☆ نیز فتاویٰ رضویہ جلد 24 صفحہ 311 تا صفحہ 331 اور ''دارالافتاء اہلسنّت'' سے ضرورتاً شرعی رہنمائی بھی لیتے رہیں۔

﴿5﴾ **مجلس مَدَنی بہاریں** کے تمام ذمہ داران کو چاہیے کہ مدنی بہاروں کو حاصل کرنے کی تربیت پانے کے لیے https://departments.dawateislami.net/madanibaharain سے طریقہ کار دیکھیں اور اس شعبے کی مکمل معلومات کے لیے وقتاً فوقتاً اس ویب سائٹ کا وِزٹ (Visit) بھی کرتے رہیں (جس میں کتاب رسائلِ مَدَنی بہار اور مَدَنی بہاروں پر مشتمل دیگر رسائل پڑھنے کے ساتھ ساتھ ڈاؤن لوڈ بھی کر سکتے ہیں)، مزید رسالہ ''مجوسی کا قبولِ اسلام'' کا مکمل مطالعہ کریں تاکہ مدنی بہاروں کی اہمیّت، نیّتیں، احتیاطیں معلوم ہوں اور اس ضمن میں ہونے والی اغلاط کی نشاندہی بھی ہو سکے، ساتھ ساتھ ٹیسٹ مجلس کے ذریعے اس کی دُہرائی بھی ہوتی رہے تو مدینہ مدینہ۔

﴿6﴾ ہر کابینہ میں نگرانِ کابینہ کے مشورے سے مخیّر اسلامی بھائیوں سے ترکیب بنا کر فی کابینہ کم از کم 1200 **مَدَنی بہاروں** کے فارم **مکتبۃ المدینہ** سے چھپوائیں۔ ہر شہر میں بالخصوص مَدَنی مراکز (فیضانِ مدینہ) و دارالسّنہ، مدرسۃ المدینہ، جامعۃ المدینہ، ہفتہ وار اجتماعات اور تعویذاتِ عطاریہ کے بستوں وغیرہ پر مَدَنی بہاروں کے فارم مہیا کریں، وقتاً فوقتاً معلومات بھی کرتے رہیں تاکہ کم ہونے کی صورت میں دوبارہ مہیا کیے جا سکیں اور بعد میں وصول بھی فرمائیں (مجلس مدنی بہاروں کے تمام ذِمہ داران، بالخصوص مدنی بہاروں کے رسائل کو فروخت / تقسیم کروانے کے بھی ذمہ دار ہیں)

﴿7﴾ مَدَنی بہار فارم وصول کرتے وقت دیکھ لیجئے کہ کوائف (فون نمبر اور ایڈریس وغیرہ) نامکمل تو نہیں، اگر نامکمل ہوں تو ہاتھوں ہاتھ مکمل کروا لیجئے۔ اگر کسی مقام پر مدَنی بہار فارم نہ ہو تو سادہ کاغذ پر مدنی مرکز کے بیان کردہ طریقہ کار کے مطابق لکھوا کر جمع کروا دیجئے۔

﴿8﴾ مجلس مَدَنی بہاریں کے بینرز (Panaflex) پرنٹ کروا کر اجتماعات (ہفتہ وار، ذمہ داران / عاشقان رسول کے سنّتوں بھرے اجتماع، دُعائے صحت اجتماع، مدنی مذاکرہ اجتماع، سحری اجتماع) اور مدَنی مشوروں میں شرعی رہنمائی کے ساتھ نمایاں جگہ پر آویزاں کریں۔ بینر کی عبارت اس طرح ہونی چاہیے:



اس مقام (جہاں بینر لگا ہو) پر کم از کم ایک ذمہ دار کا ہونا ضروری ہے جو مدنی بہار فارم تقسیم اور جمع کرے۔

﴿9﴾ مَدَنی مشوروں، سنّتوں بھرے اجتماعات، اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کے مختلف مَدَنی کورسز، مَدَنی قافلوں میں سفر کرنے والے اسلامی بھائیوں سے اس فارم میں موجود مَدَنی پھولوں کے مطابق مَدَنی بہار فارم پُر کروایئے۔ 12 مدنی کام کورس، اِصلاحِ اعمال کورس اور دارالسّنہ کے اسلامی بھائیوں کے لئے مَدَنی بہاروں کا فارم پُر کروانے کی مشق کو لازمی قرار دے کر ان کی تربیت میں اسے شامل فرمائیں نیز ہاتھوں ہاتھ مَدَنی بہاریں لکھوانے کی بھی ترکیب کریں۔ مجلس مدنی کورسز/نگرانِ کابینہ کی معاونت سے اس مَدَنی کام کو مَدَنی کورسز کے جدول اور سنّتوں بھرے اجتماعات کا حصّہ بنائیں۔

﴿10﴾ دارالسّنہ / ہفتہ وار اجتماع کے مقام سے جب مَدَنی قافلے روانہ ہوں تو ترغیب دِلا کر مدنی بہار فارم تقسیم کیے جائیں اور مدنی قافلوں کی واپسی پر فارم جمع کرنے کی بھی ترکیب ہو۔ ذِمّہ داران مدنی قافلوں، مدنی مشوروں بلکہ ہر وقت، مَدَنی بہاروں کے فارم اپنے پاس رکھیں اور موقع ملتے ہی مَدَنی بہار کے فوائد بتا کر مَدَنی بہار لکھنے کے مَدَنی پھول سنائیں اور مَدَنی بہار لکھوائیں۔

﴿11﴾ **دعوتِ اسلامی** کے مدنی ماحول میں ہونے والے آخری عشرہ اور پورا ماہ اعتکاف میں **مجلسِ اعتکاف** کے ماتحت ''مجلس مَدَنی انعامات'' کی ذمہ داری ہے کہ اعتکاف میں مَدَنی بہار فارم تقسیم کرے اور مجلس مَدَنی بہاریں کی ذمہ داری ہے کہ مذکورہ مجلس کو مَدَنی بہار فارم مہیا کرے اور مسلسل پوچھ گچھ (Follow Up) کرے۔

﴿12﴾ کابینہ یا ملکی سطح پر اجتماعات میں (اجتماع گاہ میں) ڈویژن سطح پر قائم دارالسّنہ میں ڈویژن مَدَنی انعامات ذمہ دار کے ساتھ مَدَنی بہاریں ذمہ دار بھی موجود رہیں، کابینہ سطح پر قائم مَدَنی قافلہ دفتر میں مجلس ہفتہ وار اجتماع میں مَدَنی بہاروں کے ذمہ دار بھی موجود رہیں۔

﴿13﴾ حدیثِ پاک میں ہے ''تَهَادَوْا تَحَابُّوْا'' یعنی ایک دوسرے کو تحفہ دو، آپس میں محبت بڑھے گی۔ (مؤطا امام مالک، ج ۲، ص ۴۰۷، رقم ۱۷۳۱) پر عمل کی نیت سے ذمہ داران، شیخِ طریقت، امیرِ اَہلسنّت، بانئ دعوتِ اِسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطّار** قادِری رَضَوی ضیائی دَامَتْ بَرَکَاتُهُمُ العالیہ اور مکتبۃ المدینہ کی دیگر مطبوعہ کتب و رسائل و VCDs وغیرہ کی ذاتی طور پر حسبِ استطاعت اور مخیّر اسلامی بھائیوں سے ترکیب بنا کر تقسیم کرنے کی ترکیب کرتے رہیں اور فروخت بھی کریں نیز خوشی و غمی (شادی، فوتگی، چہلم و عرس وغیرہ)، تکلیف و آزمائش (بے روزگاری، بے اولادی و ناچاقی اور بیماری وغیرہ) کے مواقع پر تقسیمِ رسائل کی ترغیب دِلانا مفید ہے۔

## ﴿14﴾ مَدَنی قافلہ، مَدَنی انعامات، مختلف مَدَنی کورسز کے ماہانہ اہداف:

مجلس کے ہر سطح کے ذمہ داران اپنے نگران کے مشورے سے مَدَنی قافلوں، مَدَنی انعامات، اِصلاحِ اعمال کورس، 12 مدنی کام کورس، مَدَنی تربیتی کورس، فیضانِ نماز کورس وغیرہ کے ماہانہ اہداف طے کریں اور اس کے لیے بھرپور کوشش بھی فرمائیں۔ (مدنی بہاروں کے کام کی نوعیت چونکہ مختلف ہے، لہٰذا نگرانِ مجلس مدنی بہاریں (پاکستان) اپنی مجلس کی ہر سہ ماہی کا ہدف بنائیں اور وہ ہدف اور اس کی کارکردگی متعلقہ اراکینِ شوریٰ کو میل کریں)

## ﴿15﴾ ذمہ داران کی تقرری کی ترکیب:

| # | سطح | ذمہ دار |
|---|---|---|
| 1 | ہفتہ وار اجتماع | ہفتہ وار اجتماع ذمہ دار مجلس مَدَنی بہاریں |
| 2 | ملک | نگرانِ مجلس |
| 3 | مرکزی مجلس شوریٰ | رُکنِ شوریٰ |

مجلس مدنی بہاریں کے ذمہ داران ہفتہ وار اجتماع کی سطح پر ہوں گے اور مجلس ہفتہ وار اِجتماع کے کابینہ ذمہ دار کے تحت ہوں گے، اس کے علاوہ کسی سطح پر مجلس مدنی بہاریں کے ذمہ دار نہیں ہوں گے ❁ بیرونِ ملک کے ذمہ داران، متعلقہ رُکنِ شوریٰ (نگرانِ مجلس بیرونِ ملک) کی اجازت سے اس شعبے میں کسی بھی سطح پر ذِمہ دار مقرر کریں ❁ یاد رہے! کسی بھی سطح کے اراکین و نگران کی تقرری کے لئے متعلقہ سطح کے نگران کی اجازت ضروری ہے۔ (امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ ہر مجلس میں مدنی اسلامی بھائی کے ہونے کو پسند فرماتے ہیں)

## ﴿16﴾ مَدَنی مشورہ کی تاریخ و مَدَنی پھول:

| # | تاریخ | مَدَنی مشورہ لینے والے | سطح | شرکاء | مَدَنی پھول |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | نگرانِ کابینہ / ریجن ذِمہ دار (مجلس ہفتہ وار اجتماع) | کابینہ | ہر ہفتہ وار اجتماع سطح کے ذمہ داران | مَدَنی بہاروں کی کارکردگی، انفرادی کارکردگی، پیشگی جدول و جدول کارکردگی، ترقی و تنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ |
| 2 | 5 | رکنِ شوریٰ / نگرانِ مجلس | ملک | ریجن ذِمہ داران (مجلس ہفتہ وار اِجتماع) | // |

**وضاحت**: رُکنِ شوریٰ/نگرانِ مجلس پاکستان سطح کی مجلس (ریجن ذِمہ داران) کا ہر ماہ **مَدَنی مشورہ** فرمائیں، ایک ماہ **بذریعہ انٹرنیٹ** اور ایک ماہ **بالمشافہ**۔

﴿17﴾ معمول (Routine) سے ہٹ کر ہونے والے شعبہ جات کے مدنی مشوروں یا **ذمہ داران** کے سُنّتوں بھرے اجتماعات کے

لیےاوّلاً ''**اجازت نامہ**''مکمل پُرکر کے طے شدہ طریقِ کار کے مطابق متعلقہ ذِمہ دار کوجمع کروانا ہوگا۔(مزید وضاحت کے لیے''**اجازت نامہ برائے مدنی مشورہ یا ذمہ داران کا سُنّتوں بھرا اجتماع**'' کے مدنی پھول بغور ملاحظہ کر لیجئے، یہ اجازت نامہ پاکستان انتظامی کابینہ دفتر سے میل ہو چکا ہے، بوقتِ ضرورت دوبارہ حاصل کیا جاسکتا ہے)

**﴿18﴾کارکردگی جمع کروانے کی تاریخیں**:❁مَدَنی بہاریں ذمہ دار:2 ❁ ملک:7

**﴿19﴾** مدنی مشوروں کی کثرت سے بچنے کے لیے مقرر کردہ سطح کے علاوہ کسی اور سطح کا مدنی مشورہ لینے کے لیے متعلقہ نگران سے اجازت ضروری ہے۔ ❁ جب بڑی سطح کے ذمہ دار دیگر سطح کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ کرلیں تو اس ماہ ان کا ماہانہ مدنی مشورہ نہیں ہوگا ❁ اسی طرح جس ماہ نگرانِ کابینہ / مشاورت شعبے کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ فرمائیں گے، اس ماہ بھی شعبہ ذمہ داران ماہانہ مدنی مشورہ نہیں کریں گے۔(شعبے کے مدنی کام کو مضبوط اور منظّم کرنے کے لیے وقتاً فوقتاً اپنے نگران سے شعبے کے اسلامی بھائیوں کا مشورہ کروانا مفید ہے۔)

**﴿20﴾** پاکستان/ بیرونِ ملک سطح کے ذمہ دار ہر عیسوی ماہ کی 7 تاریخ تک کارکردگی پاکستان انتظامی کابینہ/مجلس بیرونِ ملک دفتر اور متعلقہ رکنِ شورٰی کو میل کردیں۔(یادرہے! کارکردگی مَدَنی مشورے سے مشروط نہیں، اگر کسی وجہ سے مَدَنی مشورہ نہ ہوسکے تب بھی مقررہ تاریخ پر اپنے نگران کو کارکردگی پیش کردیں۔)

**﴿21﴾** ہر ذمہ دار ہر ماہ کا پیشگی جدول عیسوی ماہ کی 19 تا22 تاریخ تک اپنے نگران سے منظور کروائے، پھر اس کے مطابق پیشگی اطلاع کے ساتھ اپنے جدول پر عمل کرے اور مہینہ مکمل ہونے کے بعد 1 تا3 تاریخ تک کارکردگی جدول اپنے نگران کو پیش کرے۔

**﴿22﴾** متعلقہ نگران کی مُشاوَرَت سے شعبہ ذِمَّہ داران منگل کے روز ضرورتاً ایک دو گھنٹے کے لیے تحریری کام کی ترکیب بنائیں جس میں اپنے پچھلے ہفتے کی کارکردگی کا جائزہ اور آئندہ ہفتے کے جدول تیاری وغیرہ شامل ہو۔

**﴿23﴾** متعلقہ نگران سے مربوط رہیں۔انھیں اپنی کارکردگی سے آگاہ رکھیں اور ان سے مشورہ کرتے رہیں۔جو نگران سے جتنا زیادہ مربوط رہے گا وہ اتنا ہی مضبوط ہوتا جائے گا۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

**﴿24﴾** متعلقہ رکنِ شورٰی اور زونل نگران کی اجازت سے وقتاً فوقتاً اپنی مجلس کے سنّتوں بھرے اجتماع کی ترکیب کرتے رہیں تا کہ پرانے اسلامی بھائیوں کی یاددِہانی اور نئے اسلامی بھائیوں کی مَدَنی تربیت کا سامان ہوتا رہے۔

**﴿25﴾ یادرہے** کہ متعلقہ رکنِ شورٰی ضرورتاً ان مدنی پھولوں میں تبدیلی کرسکتے ہیں۔

**﴿26﴾ ذمہ داران اپنی دُنیا اور آخرت کی بہتری کے لئے مندرجہ ذیل اُمور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں:**

❁ فرض علوم سیکھنے کی کوشش کرتے رہیں۔فرض علوم سیکھنے کے لیے کتبِ امیرِ اہلسنّت، بہارِ شریعت، فتاوٰی رضویہ، احیاء العلوم وغیرہ کے مطالعہ کی عادت بنائیں۔خصوصاً صدر الافاضل مفتی سید محمد نعیم الدین مراد آبادی رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ کی اسلامی عقائد سے متعلق کتاب بنام''کتاب العقائد''(مطبوعہ مکتبۃ المدینہ)، بہارِ شریعت کا پہلا حصّہ، کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب۔ مسائل سیکھنے کے لیے بہارِ شریعت کے منتخب ابواب اور حصّوں کے ساتھ ساتھ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے جملہ کتب و رسائل، اچھے بُرے اخلاق کی معلومات حاصل کرنے کے لیے''باطنی بیماریوں کی معلومات'' کا مطالعہ کیجیے۔مطالعہ کرنے کے لیے کچھ وقت مثلاً(''بعدِ فجر مدنی حلقہ'' کے بعد 19 منٹ) امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی کتب و رسائل کے لیے اور اسی طرح دیگر کتب کے لیے بھی کچھ وقت مثلاً (بعدِ مغرب و قبل طعام 19 منٹ) خاص کیجیے۔

❁ (ہفتہ وار اجتماعی طور پر دیکھے جانے والے''**مدنی مذاکرے**''میں اوّل تا آخر شرکت کو یقینی بنایئے، اس کی برکت سے علمِ دِین کا لازوال خزانہ ہاتھ آئے گا نیز مدنی انعام نمبر:47 پر عمل کرتے ہوئے مدنی چینل کے سلسلے، اصلاحی بیانات کے ساتھ ساتھ فیضانِ مدنی مذاکرہ اور فیضانِ فرض علوم میموری کارڈ سننے کا بھی سلسلہ رکھیں۔ان شاءاللہ عزوجل اس سے بھی کثیر فرض علوم حاصل ہوں گے) ❁ **12 مدنی کام کورس، اِصلاحِ اعمال کورس** بھی بعض فرض علوم حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہیں۔

❁ عملی طور پر مَدَنی کاموں میں شریک ہوں، روزانہ کم از کم 2 گھنٹے مدنی کاموں میں صرف کیجئے مثلاً مدنی قافلے میں سفر اور مدنی انعامات پر عمل کے لئے روزانہ فکرِ مدینہ کا ذہن دینے کے لیے کم از کم 2 اسلامی بھائیوں پر انفرادی کوشش، مدنی دورہ، مدرسۃ المدینہ بالغان، بعدِ فجر مَدَنی حلقہ، صدائے مدینہ، چوک درس، پابندئ وقت کے ساتھ اوّل تا آخر ہفتہ وار اور دیگر اجتماعات میں شرکت وغیرہ۔

❁ اپنے مدنی مقصد کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے روزانہ فکرِ مدینہ کرتے ہوئے ہر ماہ مدنی انعامات کا رسالہ اپنے ذمہ دار کو جمع کروائیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں 1 ماہ اور ہر ماہ کم از کم 3 دن جدول کے مطابق مدنی قافلے میں سفر کی ترکیب بناتے رہیں۔

❁ بِلا ناغہ **فکرِ مدینہ** کرتے ہوئے عطّار کا **دوست، پیارا، منظورِ نظر اور محبوبِ عطّار** بننے کی سعی جاری رکھیے، اِستقامت پانے کے لئے کم از کم 3 دن کے **مدنی قافلے** میں سفر کو اپنا معمول بنا لیجئے نیز ضروری گفتگو کم لفظوں میں کچھ **اشارے** میں اور کچھ **لکھ کر** کرنے کی کوشش کے ساتھ ساتھ **نگاہیں جھکا کر** رکھنے کی ترکیب بنایئے۔

❁ مرکزی مجلسِ شورٰی، کابینہ اور اپنے شعبے کے مدنی مشوروں کے ملنے والے مدنی پھولوں کا خود بھی مطالعہ کیجئے اور متعلقہ تمام ذمہ داران تک بروقت پہنچانے کی ترکیب بنایئے۔

❁ دورانِ مدنی کام وملاقات امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کے ذریعے سلسلۂ عالیہ قادریہ رضویہ عطاریہ میں مرید/طالب بنانے کی کوشش کرتے رہیں، مرید/طالب ہو جائیں تو مجلس مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ سے مکتوب کی ترکیب اور شجرہ قادِریہ، رضویہ، ضیائیہ، عطاریہ حاصل کرنے، روزانہ پڑھنے اوران ویب سائٹس کا وِزٹ کرنے کی بھی ترغیب دِلائیں۔( www.dawateislami.net & www.ilyasqadri.com)

❁ مَدَنی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص مَدَنی انعام نمبر 24 اور 26 کے عامل بن جائیں ❁ مَدَنی انعام نمبر 24: کیا آج آپ نے مرکزی مجلسِ شورٰی، زون، مشاورتیں و دیگر تمام مجالس جس کے بھی آپ ماتحت ہیں، ان کی (شریعت کے دائرے میں رہ کر) اِطاعت فرمائی۔ ❁ مَدَنی انعام نمبر 26: کسی ذمہ دار (یا عام اسلامی بھائی) سے برائی صادر ہو جائے اور اصلاح کی ضرورت محسوس ہو تو تحریری طور پر یا براہِ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کے ساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی یا معاذ اللہ عزَّوَجلَّ بِلا اجازتِ شرعی کسی اور پر اظہار کر کے غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھے؟

**مدینہ:** بیرونِ ملک کے ذِمہ داران متعلقہ رکنِ شورٰی کے مشورے واِجازت سے ان مدنی پھولوں میں ترمیم واضافہ کر سکتے ہیں۔

## مرکزی مجلسِ شورٰی ﴿دعوتِ اسلامی﴾

**مَدَنی مقصد**: مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزَّوَجلَّ

**تاریخِ اجراء** (اپ ڈیٹ مدنی پھول): ۲ رمضان المبارک ١٤٤٠ھ / 08 مئی 2019ء